# گلشنِ راز جدید

ترجمہ:۔ چودھری نبی احمد باجوہ

نظر ثانی:۔ سرود انجم

# گلشنِ رازِ جدید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تمہید

زجانِ خاوراں سوزِ کہن رفت ‏ دمش وا ماند و جانِ او ز تن رفت
چو تصویرے کہ بے تارِ نفس زیست ‏ نمی داند کہ ذوقِ زندگی چیست
دلش از مدعا بیگانہ گردید ‏ نے او از نوا بیگانہ گردید
بطرزِ دیگر از مقصود گفتم ‏ جوابِ نامۂ محمود گفتم
ز عہدِ شیخ تا ایں روزگارے ‏ نزد مردے بجانِ ما شرارے
کفن در بر بجا کے آرمیدیم ‏ و لے یک فتنۂ محشر ندیدیم
گذشت از پیشِ آں دانائے تبریز ‏ قیامت ہا کہ رست از کشتِ چنگیز
نگاہم انقلابے دیگرے دید ‏ طلوعِ آفتابے دیگرے دید
کشودم از رخِ معنی نقابے ‏ بدستِ ذرہ دادم آفتابے
نہ پنداری کہ من بے بادہ مستم ‏ مثالِ شاعراں افسانہ بستم
نہ بینی خیر ازاں مردِ فرودست ‏ کہ بر من تہمتِ شعر و سخن بست
بکوئے دلبراں کارے ندارم ‏ دلِ زارے غمِ یارے ندارم
نہ خاکِ من غبارِ رہگذارے ‏ نہ در خاکم دلِ بے اختیارے
بجبریل امیں ہم داستانم ‏ رقیب و قاصد و درباں ندانم
مرا با فقر سامانِ کلیم است ‏ فرِ شاہنشہی زیرِ گلیم است
اگر خاکم، بصحرائے نہ گنجم ‏ اگر آبم بدریائے نہ گنجم

منظوم اردو ترجمہ

# گلشن راز، جدید

## تمہید

گیا سوزِ کہن مشرق کی جاں سے — نہ دم باقی، نہ کچھ آثار جاں کے
جیسے تصویرِ بے تارِ نفس کیا — نہ جانے لطف کچھ وہ زندگی کا
ہُوا دِل اس کا خالی مدعا سے — ہوئی بیگانہ نَے اس کی، نوا سے
لکھا ہے طرزِ نَو میں مَیں نے مقصود — جوابِ نامۂ نامیؔ محمود
نہ عہدِ شیخ میں، نے اس زماں میں — شرر بویا کسی نے اپنی جاں میں
کفن پہنے زمیں میں بھی میں سویا — مگر اک فتنۂ محشر نہ دیکھا
تھے جن ایام میں دانائے تبریز — کئی محشر اٹھے تھے مثلِ چنگیز
نظر میں ہے مری اک انقلاب اور — جیسے کہیئے طلوعِ آفتاب اور
رُخِ معنی سے میں پردہ اٹھا کر — کروں گا ذرّے کو مہرِ منوّر
سمجھ مت بے پیے مدہوش ہوں میں — مثالِ شاعرِ افسانے لکھوں میں
نہ اس مردِ دُنی میں دیکھ بیکلی — جو باندھے مجھ پہ تہمت شاعری کی
مجھے کوئے بتاں سے کام ہے کیا — غمِ دلبر نہیں دل میرا رکھتا
نہیں ہوں میں غبارِ رہ کسی کا — نہ دِل میرا کبھی قابو سے نکلا
کہ میں جبریل کا ہم داستاں ہوں — رقیب و قاصد و درباں نہ چاہوں
فقیری میں کلیمی کے ہیں ساماں — شہنشاہی، مری گدڑی پہ قرباں
نہ صحرا میں سماؤں، خاک ہوں گر — نہ دریا میں ملوں میں، آب ہوں گر

دلِ سنگ از زجاجِ من بلرزد — یمِ افکارِ من ساحل نہ ورزد
نہاں تقدیر ہا در پردۂ من — قیامت ہا بغل پروردۂ من
دمے در خویشتن خلوت گزیدم — جہانے لازوالے آفریدم

"مرا زیں شاعری خود عار ناید
کہ در صد قرن یک عطار ناید"

بجانم رزمِ مرگ و زندگانی است — نگاہم بر حیاتِ جاودانی است
زجاں خاکِ ترا بیگانہ دیدم — باندامِ تو جانِ خود دمیدم
ازاں نارے کہ دارم داغ داغم — شبِ خود را بیفروز از چراغم
بخاکِ من دلے چوں دانہ کشتند — بلوحِ من خطِ دیگر نوشتند
مرا ذوقِ خودی چوں انگبیں است — چہ گویم وارداتِ من ہمیں است

نخستیں کیف اورا آزمودم
دگر بر خاوراں قسمت نمودم

اگر ایں نامہ را جبریل خواند — چوں گرد آں نورِ ناب از خود فشاند
بنالد از مقام و منزلِ خویش — بہ یزداں گوید از حالِ دلِ خویش
"تجلّی را چناں عریاں نخواہم — نخواہم، جز غمِ پنہاں نخواہم
گذشتم از وصالِ جاودانے — کہ بینم لذّتِ آہ و فغانے

"مرا ناز و نیازِ آدمے دہ
بجانِ من گدازِ آدمے دہ"

مرے شیشے سے پتھر میں ہے لرزہ — ہے بحرِ فکر میرا بیکرانہ
مرے پردے میں تقدیریں نہاں ہیں — بغل میں بھی کئی محشرستاں ہیں
میں پل بھر ہو گیا خلوت نشیں جب — جہانِ جاوداں پیدا کیا تب

مجھے کیوں اس سخن سے عار آئے
نہ سو قرنوں میں جب عطار آئے

میں مرگ و زندگی کا رازداں ہوں — طلب گارِ حیاتِ جاوداں ہوں
تجھے جب جان سے بیگانہ دیکھا — ترے قالب میں دم خود اپنا پھونکا
میں ہوں جس آگ میں جل کر چراغاں — تو اپنی شب کو اس سے کر فروزاں
ہے میری خاک میں دل مثلِ دانہ — خطِ نو میری لوحِ دل پہ لکھا
مجھے ذوقِ خودی شیریں ہے جوں شہد — کہوں کیا وارداتِ قلبِ خوش عہد

میں پہلے کیف اس کا آزما کر
کروں مشرق میں پھر تقسیم جا کر

اگر اس نامے کو جبریل دیکھے — تو مثلِ گرد تن سے نور جھاڑے
مقام اپنے پہ اور منزل پہ روئے — خدا سے یوں کہے با ہاؤ ہوئے
"تجلی اس قدر عریاں نہ چاہوں — نہ چاہوں، جز غمِ پنہاں، نہ چاہوں
وصالِ جاوداں کو میں نے چھوڑا — مزہ پایا ہے وہ آہ و فغاں کا

"مجھے ناز و نیازِ آدمی دے
مری جاں کو گدازِ آدمی دے"

## سوال (۱)

نخست از فکرِ خویشم در تحیّر — چہ چیز است آنکہ گویندش تفکّر
کدامیں فکر ما را شرطِ راہ است — چرا گہ طاعت و گاہے گنہ است

## جواب

درونِ سینۂ آدم چہ نور است — چہ نور است ایں کہ غیب او حضور است
من او را ثابت و سیّار دیدم — من او را نور دیدم، نار دیدم
گہے نازش ز برہان و دلیل است — گہے نورش ز جانِ جبرئیل است
چہ نورے جاں فروزے سینہ تابے — نیرزد با شعاعش آفتابے
بخاک آلودہ و پاک از مکان است — بہ بندِ روز و شب پاک از زمان است
شمارِ روزگارش از نفس نیست — چنیں جویندہ و یابندہ کس نیست
گہے واماندہ و ساحل مقامش — گہے دریائے بے پایاں بجامش
ہمیں دریا ہمیں چوبِ کلیم است — کہ از وے سینۂ دریا دو نیم است
غزالے مرغزارش آسمانے — خورد آبے ز جوئے کہکشانے
زمین و آسمان او را مقامے — میانِ کارواں تنہا خرامے

## سوال (۱۱)

مجھے ہے فکر سے اپنے تحیّر
ہے کیا شے جس کو کہتے ہیں تفکّر
وہ کیسا فکر ہے جو شرط رہ ہے
کبھی طاعت کبھی وہ کیوں گنہ ہے

## جواب

عجب ہے سینۂ آدم میں اک نُور
کہ جس کا غیب ہے کشّافِ مستور
کبھی ثابت، کبھی سیّار دیکھا
گہے نور اور گاہے نار دیکھا
کبھی برہان و دانش پروہ مسرور
کبھی جبرئیل کی بھی جان کا نُور
وہ نور سینہ تاب و جانفزا ہے
تجلی رُخ جس سے خود خورشید کا ہے
وہ خاک آلود، آزادِ مکاں ہے
اسیر روز و شب، حُجّۂ زماں ہے
نفس اور سانس کی گنتی سے بالا
وہ جوئندہ و یابندہ ہے طُرفہ
کبھی تھک کر وہ ساحل پر ہی ٹھہرے
کبھی دریائے بے پایاں میں اُترے
یہی دریا، یہی ہے چوبِ موسیٰ
ہے دو نیم اس سے خود پہنائے دریا
ہرن، جس کی چراگاہ آسماں ہے
ہو گر تشنہ تو جوئے کہکشاں ہے
زمین و آسماں اس کے مقامات
وہ تنہا کارواں میں ایک ہی ذات

ز احوالش جہانِ ظلمت و نور — صدائے صور و مرگ و جنت و حور
از و ابلیس و آدم را نمودے — از و ابلیس و آدم را کشودے
نگہ از جلوۂ او ناشکیب است — تجلّی ہائے او یزداں فریب است
بچشمے خلوتِ خود را بہ بیند — بچشمے جلوتِ خود را بہ بیند
اگر یک چشم بر بندد گناہے است — اگر با ہر دو بیند شرطِ راہے است
ز جوئے خویش بحرے آفریند — گہر گردد بہ قعرِ خود نشیند
ہماں دم صورتِ دیگر پذیرد — شود غواص و خود را باز گیرد
درو ہنگامہ ہائے بے خروش است — درو رنگ و صدا بے چشم و گوش است

درونِ شیشۂ او روزگار است
و لے بر ما بتدریج آشکار است

حیات از وے بر اندازد کمندے — شود صیادِ ہر پست و بلندے
اندو خود را بہ بندِ خود در آرد — گلوے ماسوا راہم فشارد
دو عالم می شود روزے شکارش — فتد اندر کمندے تابدارش
اگر ایں ہر دو عالم را بگیری — ہمہ آفاق میرد تو نہ میری
منہ پا در بیابانِ طلب سست — نخستیں گیر آں عالم کہ در تست
اگر زیری ز خود گیری زبر شو — خدا خواہی ؟ بخود نزدیک تر شو

جہانِ ظلمت و نور اس کے احوال ‌ ‌ ‌ وہ صُور و مرگ و جنت، حور تمثال
نمودِ آدم و ابلیس اُس سے ‌ ‌ ‌ کشودِ آدم و ابلیس اُس سے
نگہ بے صبر ہے جلووں سے اس کے ‌ ‌ ‌ تجلّی اسکی یزداں کو بھی بھائے
وہ دیکھے آنکھ سے اک اپنی خلوت ‌ ‌ ‌ وہ دیکھے دوسری سے اپنی جلوت
اگر اک آنکھ سے دیکھے گنہ ہے ‌ ‌ ‌ جو دیکھے دونوں سے تو شہراہ ہے
بپا قلزم کرے وہ اپنی جُو سے ‌ ‌ ‌ گہر بن کر تہ دریا میں بیٹھے
معاً ہو صورت دیگر میں ظاہر ‌ ‌ ‌ وہ ڈھونڈے خود کو ہی غواص بن کر
بہت سے اس میں ہنگامے ہیں خاموش ‌ ‌ ‌ اور ہیں رنگ و صدا بے چشم بے گوش

زمانہ اس کے شیشے میں ہے پنہاں
مگر ہم پر ہے تدریجاً نمایاں

اسی سے ہے کمند انداز ہستی ‌ ‌ ‌ شکار اس کا بلندی اور پستی
کبھی خود کو ہی وہ محبوس کرے ‌ ‌ ‌ گلوئے ماسوا بھی کاٹ ڈالے
دو عالم صید ہوں گے اُس کے آخر ‌ ‌ ‌ گریں گے خود کماں کے پاس آ کر
جو تُو ہو ہر دو عالم کا براتی ‌ ‌ ‌ ہمہ آفاق فانی، تُو ثباتی
بیابانِ طلب میں سُست مت بن ‌ ‌ ‌ تُو کر تسخیر پہلے اپنا تن من
بنا خود گیری سے پستی کو رفعت ‌ ‌ ‌ ملے گی خود کو ڈھونڈے حق کی قربت

به تسخیرِ خود افتادی اگر طاق  ترا آساں شود تسخیرِ آفاق
خنک روزے که گیری این جہاں را  شگافی سینهٔ نُه آسماں را
گذارد ماه پیشِ تو سجودے  بروپیچی کمند از موجِ دودے
دریں دیرِ کہن آزاد باشی  بتاں را بر مرادِ خود تراشی
بکف بُردن جہانِ چار سو را  مقامِ نور و صوت و رنگ و بو را
فزونش کم کم او بیش کردن  دگرگوں بر مرادِ خویش کردن
برنج و راحتِ او دل نه بستن  طلسمِ نُه سپہرِ او شکستن
فرو رفتن چو پیکاں در ضمیرش  ندادن گندمِ خود با شعیرش

شکوہِ خسروی این است این است
ہمیں ملک است کو توام بدین است

تو گر تسخیر میں اپنی بنے طاق | تجھے آسان ہو تسخیرِ آفاق
خوشا وہ دن ہو تو فاتح جہاں کا | دکھائے چیر سینہ آسماں کا
کرے جب چاند سجدے تیرے آگے | تو موجِ دودِ مشعل دام پھینکے
تو ہو آزاد اس دیر کہن سے | بتوں کو اپنی خواہش پر تراشے
جہانِ چار سُو کو کف میں لانا | ہے نور و صوت و رنگ و بو کو پانا
فزوں کو کرنا کم، کم کو بڑھانا | بہر گو نہ مرادیں اپنی پانا
نہ اس کے رنج و راحت میں اُلجھنا | طلسمِ نہُ فلک کو توڑ دینا
نکلنا تیر بن کر اس کے دل سے | نہ دینا اپنی گندم جَو کے بدلے

فقط یہ ہے شکوہِ خسروانہ
یہی ہمزاد ہے بس تیری دُنیا

## سوال (۲)

چہ بحر است ایں کہ علمش ساحل آمد
ز قعرِ او چہ گوہر حاصل آمد

## جواب

حیاتِ پُر نفس بحرِ روانے　　شعور و آگہی او را کرانے
چہ دریائے کہ ژرف و موجدار است　　ہزاراں کوہ و صحرا بر کنار است
بپرس از موج ہائے بیقرارش　　کہ ہر موجش بروں جست از کنارش
گذشت از بحر و صحرا را نمے داد　　نگہ را لذّتِ کیف و کمے داد
ہر آں چیزے کہ آید در حضورش　　منوّر گردد از فیضِ شعورش
بخلوت مست و صحبت ناپذیر است　　دلے ہر شے ز نورش مستنیر است
نخستیں می نماید مستنیرش　　کند آخر بآئینے اسیرش
شعورش با جہاں نزدیک تر کرد　　جہاں او را ز رازِ او خبر کرد
خرد بندِ نقاب از رُخ کشودش　　ولیکن نطق عریاں تر نمودش

نگنجد اندریں دیرِ مکافات
جہاں او را مقامے از مقامات

بروں از خویش می بینی جہاں را　　در و دشت و یم و صحرا و کاں را
جہانِ رنگ و بو گلدستۂ ما　　ز ما آزاد و ہم وابستۂ ما
خودی او را بیک تارِ نگہ بست　　زمین و آسمان و مہر و مہ بست
دلِ ما را باو پوشیدہ راہے است　　کہ ہر موجود ممنونِ نگاہے است

## سوال (۲)

سمندر کیا ؟ ہے جس کا علم ساحل
ہو اس کی تہہ سے گوہر کیسا حاصل

## جواب

حیاتِ زندہ ہے اک بہتا دھارا
شعور و آگہی اس کا کنارا

یہ دریا گہرا اور طوفاں کا حامل
ہزاروں کوہ و صحرا اس کے ساحل

نہ پوچھو اس کی موجوں کا تلاطم
کناروں سے نکل جاتا ہے قلزم

سمندر سے نکل، صحرا کو پہنچے
نگہ کو دے مزے یہ کیف و کم کے

کوئی بھی چیز جو نزدیک آئے
شعور اس کا منوّر کرتا جائے

وہ خلوت مست صحبت سے گریزاں
مگر ہر شے اسی سے ہے درخشاں

کرے اس کو منوّر سب سے پہلے
منوّر کر کے شیشے میں اتارے

شعور اس کو جہاں کے پاس لائے
جہاں اس کو خبر اس کی بتائے

خرد پردہ نگاہوں سے اٹھائے
سخن سے اور بھی عریاں ہو جائے

نہ حاوی اس پہ ہو دیرِ مکافات
جہاں کے بھی سوا اس کے مقامات

وہ دیکھے خود سے باہر اس جہاں کو
در و دشت و یم و صحرا و کاں کو

جہانِ رنگ و بو گلدستہ اپنا
الگ ہے ہم سے پر ہے اپنی دنیا

خودی بس اپنے اک تارِ نگہ سے
مہ و مہر و زمیں و چرخ باندھے

ہمارے دل میں اک پوشیدہ شے ہے
کہ ہر موجود ممنونِ نگہ ہے

گر او را کس نہ بیند زار گردد
اگر بیند یم و کہسار گردد

جہاں را فربہی از دیدنِ ما
نہالش رُستہ از بالیدنِ ما

حدیثِ ناظر و منظور رازے است
دلِ ہر ذرّہ در عرضِ نیازے است

تو اے شاہد مرا مشہود گرداں
ز فیضِ یک نظر موجود گرداں

کمالِ ذاتِ شے موجود بودن
برائے شاہدے مشہود بودن

ز دانش در حضورِ ما نبودن
منوّر از شعورِ ما نبودن

جہاں غیر از تجلّی ہائے ما نیست
کہ بے ما جلوۂ نور و صدا نیست

تو ہم از صحبتش یاری طلب کُن
نگہ را از خم و پیچش ادب کُن

'یقین می داں کہ شیرانِ شکاری
دریں رہ خواستند از مور یاری'

بیاریہائے او از خود خبر گیر
تو جبریلِ امینی بال و پر گیر

بہ بیاری کشا چشمِ خرد را
کہ دریابی تماشائے احد را

نصیبِ خود ز بوئے پیرہن گیر
بہ کنعاں نکہت از مصر و یمن گیر

خودی صیّادِ نخچیرش مہ و مہر
اسیرِ بندِ تدبیرش مہ و مہر

چو آتش خویش را اندر جہاں زن
شبیخوں بر مکان و لامکاں زن

نہ دیکھے کوئی جب اس کو تو ہو زار
کوئی دیکھے تو ہے دریا و کہسار
جہاں فربہ ہماری دید ہی سے
پھلے پھولے شجر اس کا اسی سے
جہان ناظر و منظور ہے راز
دلِ ہر ذرّہ ہے خود عرض پرداز
تو اے شاہد مجھے مشہود کر دے
بہ فیضِ یک نظر موجود کر دے
کمالِ ذات ہے موجود ہونا
کسی شاہد کا خود مشہود ہونا
مری صحبت میں جو دانش نہ لائے
وہ مجھ سے روشنی ہرگز نہ پائے
جہاں میری تجلی کے سوا کب
بجز مرے یہاں نور و صدا کب
تو صحبت سے اسی کی کچھ مدد لے
نگہ کو اس کے پیچ و خم سکھا دے

یقین کر یہ کہ شیرانِ شکاری!
ہیں اس رستے میں چیونٹی کے بھکاری

تو اس کے فیض سے اپنی خبر لے
تو جبریلِ امیں کے بال و پر لے
ذرا چشمِ خرد تو اپنی کر وا
تماشائے اَحَد کو دیکھتا جا
تو بہرہ در ہو بوئے پیرہن سے
ملے کنعاں میں یہ مصر و یمن سے
خودی صیاد، مہر و مہ ہیں نخچیر
ہے مہر و مہ کو دام اس کا گرہ گیر
لپیٹ جا مثلِ آتش اس جہاں کو
تو زد میں کر مکان و لامکاں کو

# سوال (۳)

وصال ممکن و واجب بہم چیست؟
حدیث قرب و بعد و بیش و کم چیست؟

## جواب

سہ پہلو این جہان چون و چند است   خرد کیف و کم او را کمند است
جہان طوسی و اقلیدس است این   پئے عقل زمین فرسا بس است این
زمانش ہم مکانش اعتباری است   زمین و آسمانش اعتباری است
کماں را زہ کن و آماج دریاب   ز حرفم نکتۂ معراج دریاب
مجو مطلق دریں دیر مکافات   کہ مطلق نیست جز نور السموات
حقیقت لازوال و لامکان است   مگر دیگر کہ عالم بے کران است
کران او درون است برون نیست   درونش پست بالا کم فزون نیست
درونش خالی از بالا و زیر است   ولے بیرون او وسعت پذیر است
ابد را عقل ما ناسازگار است   یکی از گیرودار او ہزار است
چو لنگ است او سکوں را دوست دارد   نہ بیند مغز و دل بر پوست دارد
حقیقت را چو ما صد پارہ کردیم   تمیز ثابت و سیارہ کردیم
خرد در لامکاں طرح مکاں بست   چو زنارے زماں را بر میاں بست
زماں را در ضمیر خود ندیدیم   مہ و سال و شب و روز آفریدیم
مہ و سالت نمی ارزد بیک جو   بحرف "کم لبثتم" غوطہ زن شو

## سوال (۳)

وصالِ ممکن و واجب بہم کیا؟
یہ قرب و بُعد اور یہ بیش و کم کیا؟

## جواب

سہ پہلو ہے جہاں یہ کیف و کم کا — خرد ہے اس کے کیف و کم کا پھندا
یہ اقلیدس کا، طوسی کا جہاں ہے — زمیں پیماں خرد کا یہ مکاں ہے
زماں بھی اور مکاں بھی اعتباری — زمین و آسماں بھی اعتباری
کماں کو کھینچ کر آماج پالے — اسی سے نکتۂ معراج پالے
کہاں مطلق؟ یہ ہے دیرِ مکافات — کہ مطلق ہے فقط نور السموات
حقیقت لازوال و لامکاں ہے — نہ کہہ ہرگز کہ عالم بیکراں ہے
کراں ہے اندروں، بیروں نہیں ہے — یہ پست و بالا، کم افزوں نہیں ہے
یہ اندر زیر و بالا سے ہے خالی — مگر باہر سے وسعت اس کی عالی
ہماری عقل کب پہنچے ابد کو — وہاں اک بھی ہزاروں کا عدد ہو
سکوں کو دوست رکھتا ہے یہ لنگڑا — نہ دیکھے مغز، بس یہ دیکھے چھلکا
حقیقت کے کریں ہم ٹکڑے ٹکڑے — تمیزِ ثابت و سیارگاں سے
خرد دیکھے مکاں کو لامکاں میں — رکھے زنّار اس کے درمیاں میں
زماں کو اپنے دل میں میں نہ دیکھوں — شب و روز مہ و سن خود ہی گھڑلوں
مہ و سن کچھ نہیں جز جوئے احساس — تو حرفِ "کم لبثتم" کا ہو غواص

## بخود رس از سر ہنگامہ برخیز
## تو خود را در ضمیر خود فرو ریز

تن و جاں را دو تا گفتن کلام است — تن و جاں را دو تا دیدن حرام است
بجاں پوشیدہ رمزِ کائنات است — بدن حالے ز احوالِ حیات است
عروسِ معنی از صورت حنا بست — نمودِ خویش را پیرایہ ہا بست

حقیقت روئے خود را پردہ باف است
کہ او را لذتے در انکشاف است

بدن را تا فرنگ از جاں جدا دید — نگاہش ملک و دیں را ہم دو تا دید
کلیسا سبحۂ پطرس شمارد — کہ او با حاکمی کارے ندارد
بکارِ حاکمی مکر و فنے بیں — تنِ بے جان و جانِ بے تنے بیں
خرد را با دلِ خود ہمسفر کن — یکے بر ملتِ ترکاں نظر کن

بہ تقلیدِ فرنگ از خود رمیدند
میانِ ملک و دیں ربطے ندیدند

یکی، را آں چناں صد پارہ دیدیم — عدد بہرِ شمارش آفریدیم
کہن دیرے کہ بینی مشتِ خاک است — دمے از سرگذشتِ ذاتِ پاک است
حکیماں مردہ را صورت نگارند — یدِ موسیٰ دمِ عیسیٰ ندارند

تُو ہنگاموں سے ہٹ کر خود کو پا جا
ضمیر اپنے میں تُو بڑھ کر سما جا

تن و جاں کو الگ کہنا ہے اِک بات — اُنہیں دو مان لینا ہے خرافات
ہے مضمر رمزِ جاں میں اس جہاں کی — بدن حالت ہے اک احوالِ جاں کی
حنا بندی عروسِ معنی کر کے — نمودِ ذات کی صورت نکالے

حقیقت اپنا چہرہ خود چھپائے
کہ کشف و وجد کی لذّت اٹھائے

تن و جاں کو جدا دیکھے فرنگی — وہ ملک و دیں کو بھی سمجھے الگ ہی
کلیسا سبحۂ پطرس سنبھالے — تعلق حاکمی سے کچھ نہ رکھے
وہ کار حاکمی لے مکر و فن سے — جدا تن جاں سے دیکھے جان تن سے
خرد کو ہمسفر دل کا بنا کر — تماشا ترک ملّت کا ذرا کر

جو تقلیدِ فرنگ میں ایسے ڈوبے
ہوئے بے بہرہ ربطِ ملک و دیں سے

اَحدُ کو سینکڑوں میں بانٹ جائیں — عدد گنتی کے پھر ہم خود بنائیں
یہ مشتِ خاک جو کہنہ جہاں ہے — یہ ذاتِ پاک کی اک داستاں ہے
حکیموں نے یہ کی صورت نگاری — یدِ موسیٰ، دمِ عیسیٰ سے عاری

درین حکمت دلم چیزے بدید است — برائے حکمت دیگر تپید است
من ایں گویم جہاں در انقلاب است — درونش زندہ و در پیچ و تاب است
ز اعداد و شمارِ خویش بگذر — یکے در خود نظر کن پیش بگذر
دراں عالم کہ جزو از کل فزوں است — قیاسِ رازیؔ و طوسیؔ جنون است
زمانے با ارسطو آشنا باش — دمے با سازِ بیکنؔ ہم نوا باش
ولیکن از مقامِ شاں گذر کن — مشو گم اندریں منزل سفر کن
بآں عقلے کہ داند بیش و کم را — شناسد اندرونِ کان و یم را
جہانِ چند و چوں زیرِ نگیں کن — بگردوں ماہ پرویں را کمیں کن
ولیکن حکمتِ دیگر بیاموز — رہاں خود را ازیں مکرِ شب و روز

مقامِ تو بروں از روزگار است!
طلب کن آں یمیں کو بے یسار است

نہ اس حکمت میں کوئی چیز دیکھے — مرا دل اور ہی حکمت کو تڑپے
جہاں میں انقلاب اک آرہا ہے — جو پیچ و تاب اس میں کھا رہا ہے
تُو کر صرفِ نظر ان گنتیوں سے — ذرا خود پر نظر کر بڑھ کے آگے
وہاں یہ جزو و کل سے بھی فزوں ہے — قیاسِ رازی و طوسی جنوں ہے
ارسطو کا بھی اک پل آشنا بن — ذرا بیکن کا بھی تو ہم نوا بن
نگران سے گزر، آگے گزر جا — نہ منزل میں ٹھہر، آگے گزر جا
تو دانش سے جو بیش و کم کو سمجھے — جو کان و یم کے بھی گوہر کو جانے
جہانِ کیف و کم کو رام کر لے — مہ و پرویں کو زیرِ دام کر لے
نئی حکمت سے لیکن آشنا ہو — فریبِ روز و شب سے بھی رہا ہو

ترا رتبہ زمانے سے ہے اونچا
ترے جامے میں الٹا ہے نہ سیدھا

# سوال (۴)

قدیم و محدث از ہم چو جدا شد
کہ ایں عالم شد آں دیگر خدا شد
اگر معروف و عارف ذاتِ پاک است
چہ سودا در سرِ ایں مشت خاک است

## جواب

خودی را زندگی ایجادِ غیر است          فراقِ عارف و معروف خیر است
قدیم و محدثِ ما از شما است          شمارِ ما طلسمِ روزگار است
دمادم دوش و فردا می شماریم          بہ ہست و بود و باشد کار داریم
از خود را بریدن فطرتِ ماست          تپیدن نارسیدن فطرتِ ماست
نہ ما را در فراقِ او عیارے          نہ او را بے وصالِ ما قرارے
نہ او بے ما نہ ما بے! چہ حال است          فراقِ ما فراق اندر وصال است
جدائی خاک را بخشد نگاہے          دہد سرمایۂ کوہے بکاہے
جدائی عشق را آئینہ دار است          جدائی عاشقاں را سازگار است
اگر ما زندہ ایم از دردمندی است          وگر پایندہ ایم از دردمندی است
من و او چیست؟ اسرارِ الٰہی است          من و او بر دوامِ ما گواہی است
بخلوت ہم بجلوت نورِ ذات است          میانِ انجمن بودن حیات است
محبت دیدہ ور بے انجمن نیست          محبت خودنگر بے انجمن نیست

# سوال (۴)

جُدا ہیں کیوں قدیم و محدث آخر؟
کہ یہ دُنیا ہے، وہ ہے ذاتِ برتر
جو ہیں معروف و عارف ہی منزّہ
تو مُشتِ خاک کو ہے کیسا سودا؟

## جواب

خودی کا کام ہے پیدائی خیر
فراقِ عارف و معروف ہے خیر
قدیم و محدث اپنے اعتباری
طلسم اپنی یہ اعداد و شماری
دمادم دوش و فردا ہم ہیں گنتے
"ہُوا" اور "ہے" "یا" ہوگا" ہم ہیں گنتے
خمیر اپنے میں ہے خود سے جدائی
ہے فطرت میں تڑپ اور نارسائی
نہ اپنا ہے جدائی اصل مقصود
نہ فرقت میں ہماری وہ ہی خوشنود
نہ وہ ہم بن، نہ ہم اس بن، او دہائی
ہے عینِ وصل میں کربِ جدائی
جدائی خاک کو بخشے بصیرت
یہ دے کہسار کی تنکے کو دولت
جدائی سے محبت خود کو پائے
جدائی عاشقوں کو راس آئے
بہ فیضِ دردمندی زندہ ہیں ہم
اسی کے سوز سے پائندہ ہیں ہم
ہیں ہم دونوں ہی اسرارِ الٰہی
حیاتِ جاودانی کی گواہی
ہے جلوت اور خلوت میں وہی نور
ہے جینا بزم میں جینے کا دستور
محبت دیدہ ور ہو انجمن میں
محبت خود نگر ہو انجمن میں

| | |
|---|---|
| بہ بزم ما تجلّی ہاست بنگر | جہاں ناپید و او پیداست بنگر |
| در و دیوار و شہر و کاخ و کو نیست | کہ اینجا ہیچکس جز ما و او نیست |
| گہے خود را ز ما بیگانہ سازد | گہے ما را چو سازے می نوازد |
| گہے از سنگ تصویرش تراشیم | گہے نادیدہ بر روے سجدہ پاشیم |
| گہے ہر پردۂ فطرت دریدیم | جمال یار بے باکانہ دیدیم |
| چہ سودا در سرِ ایں مشتِ خاک است؟ | ازیں سودا درونش تابناک است |
| چہ خوش سودا کہ نالد از فراقش | ولیکن ہم ببالد از فراقش |
| فراق او چناں صاحب نظر کرد | کہ شام خویش را بر خود سحر کرد |
| خودی را دردمند امتحاں ساخت | غم دیرینہ را عیش جواں ساخت |
| گہرہا سالک سلک از چشم تر کرد | ز نخل ماتمے شیریں ثمر برد |

خودی را تنگ در آغوش کردن

فنا را با بقا ہم دوش کردن

| | |
|---|---|
| محبت؟ در گرہ بستن مقامات | محبت؟ در گذشتن از نہایات |
| محبت ذوقِ انجامے ندارد | طلوعِ صبح او شامے ندارد |
| براہش چوں خرد پیچ و خمے ہست | جہانے در فروغِ یکدمے ہست |
| ہزاراں عالم افتد در رہِ ما | بیاباں کے رسد بجولانگہِ ما |

ہیں اپنی بزم میں جلوؤں کے انوار — جہاں ناپید، ہیں جلوے نمودار
در و دیوار و شہر و کاخ و کُو ہیچ — سوا اپنے جہانِ رنگ و بو ہیچ
کبھی بیگانگی وہ ہم سے برتیں — کبھی خود سازِ دل پہ نغمے چھیڑیں
کبھی پتھر سے ہم مُورت تراشیں — کبھی بِن دیکھے ہی سجدے گزاریں
کبھی فطرت کا ہر پردہ کریں چاک — جمالِ یار دیکھیں ہو کے بے باک
ہے مشتِ خاک میں سودا یہ کیسا! — اسی سے ہے منوّر سینہ اس کا
یہ طرفہ سودا فُرقت میں رُلائے — یہی اس کو بلندی پر اڑائے
اُسے صاحب نظر فُرقت بنائے — وہ اپنی شام کر صبح دکھائے
خودی کو، دردمندِ امتحاں نے — بنایا غم کو ہے عیشِ جواں نے
گہر تحفہ ہے اس کی چشمِ تر کا — ثمر شیریں ہے ماتم کے شجر کا

خودی کو تنگ در آغوش کرنا
فنا کو ہے بقا ہمدوش کرنا

محبت ؟ زیر کر لینا مقامات — محبت ؟ چھوڑ جانا سب نہایات
محبت کو کہاں ہے ذوقِ انجام — طلوعِ صبح کو اس کی کہاں شام
بہت پُر پیچ ہے راہِ محبت — ہے اک پل میں نہاں برسوں کی مدت
ہزار عالم مری راہوں میں آئیں — قدم میرے مگر رُکنے نہ پائیں

مسافر! جاوداں زی جاوداں میر    جہانے راکہ پیش آید فرا گر
بہ بحرش گم شدن انجام ما نیست    اگر اورا تو در گیری فنا نیست

خودی اندر خودی گنجد محال است
خودی را عین خود بودن کمال است

مسافر! تُو سدا جی اور سدا مَر　　　جہاں جو پیش آئے لے جھپٹ کر
نہیں ہے بحر میں گم ہونا مقصد　　　اُسے خود میں سمو لے، بن جا سرحد
خودی گم ہو خودی میں یہ ہے مشکل
خودی ہو عین خود ہونے سے کامل

# سوال (۵)

کہ من باشم مرا از من خبر کن
چہ معنی دارد اندر خود سفر کن؟

## جواب

خودی تعویذِ حفظِ کائنات است — نخستیں پرتوِ ذاتش حیات است
حیات از خوابِ خوش بیدار گردد — درونش چوں یکی بسیار گردد
نہ او را بے نمودے ما کشودے — نہ ما را بے کشودِ او نمودے
ضمیرش بحرِ ناپیدا کنارے — دلِ ہر قطرہ موجِ بیقرارے
سر و برگ شکیبائی ندارد — بجز افراد پیدائی ندارد
حیات آتش خودی ہا چوں شرر ہا — چو انجم ثابت و اندر سفر ہا
ز خود نارفتہ بیروں غربیں است — میانِ انجمن خلوت نشیں است
یکے بنگر بخود پیچیدنِ او — ز خاکِ بے سپر بالیدنِ او
نہاں از دیدہا در ہائے و ہوئے — دما دم جستجوئے رنگ و بوئے
ز سوزِ اندروں در جست و خیز است — بآئینے کہ با خود در ستیز است
جہاں را از ستیزِ او نظامے — کفِ خاک از ستیزش آئینہ فامے
نریزد جز خودی از پرتوِ او — نخیزد جز گہر اندر زو او
خودی را پیکرِ خاکی حجاب است — طلوعِ او مثالِ آفتاب است
درونِ سینۂ ما خاورِ او — فروغِ خاکِ ما از جوہرِ او

# سوال (۵)

میں کیا ہوں مجھ کو کچھ میری خبر کر
یہ کیا ہے اپنے اندر ہی سفر کر؟

## جواب

خودی تعویذ ہے حفظِ جہاں کا
ثمر خود زندگی ہے اس کا پہلا

اٹھے جب زندگی خوابِ گراں سے
تو دیکھے ایک میں کثرت کے جلوے

کشائش اس کی ہے دم سے ہمارے
نمود اپنی کشائش کے سہارے

دل اس کا ایک بحرِ بیکراں ہے
دلِ ہر قطرہ اک موجِ تپاں ہے

سر و برگِ شکیبائی نہیں ہے
بجز افراد پیدائی نہیں ہے

خودی شعلہ، حیات آتش بجاں ہے
مثالِ انجم ہر لحظہ رواں ہے

یہ دیکھے غیر کو بھی خود میں رہ کر
رہے خلوت نشیں محفل کے اندر

تماشا اس کے پیچ و تاب کا کر
اٹھایا دیکھ اُس نے خاک سے سر

کرے غوغا گر آنکھوں سے اوجھل
تلاشِ رنگ و بو ہے اس کو ہر پل

ہے سوزِ نہاں سے اُفتاں و خیزاں
رہے یہ خود سے ہی دست و گریباں

اسی پیکار سے تنظیمِ دوراں
اسی سے ہے یہ مشتِ خاک رخشاں

خودی کے ماسوا اس کا نہیں ظل
گہر بن کچھ نہیں لہروں سے حاصل

خودی کو پیکرِ خاکی ہے پردہ
نمود اس کی ہے روشن مہر آسا

ہے خورشید اس کا سینے میں ہمارے
اسی جوہر سے روشن ہیں یہ ذرّے

تو می گوئی مرا از من خبر کن
چه معنی دارد اندر خود سفر کن؟

ترا گفتم که ربطِ جان و تن چیست
سفر در خود کن و بنگر که من چیست

سفر در خویش؟ زادن بے اب و مام
ثریا را گرفتن از لبِ بام

ابد بردن بیک دم اضطرابے
تماشا بے شعاعِ آفتابے

ستردن نقشِ ہر امید و بیمے
زدن چاکے بدریا چوں کلیمے

شکستن ایں طلسمِ بحر و بر را
ز انگشتے شگافیدن قمر را

چناں باز آمدن از لامکانش
درونِ سینہ او در کفِ جہانش

ولے ایں راز را گفتن محال است
کہ دیدن شیشہ و گفتن سفال است

چہ گویم از من و از توش و تابش
کند انا عرضنا بے نقابش

فلک را لرزہ بر تن از فرِ او
زمان و ہم مکاں اندر برِ او

نشیمن را دلِ آدم نہاد است
نصیبِ مشتِ خاکے او فتاد است

جدا از غیر و ہم وابستۂ غیر
گم اندر خویش و ہم پیوستۂ غیر

خیال اندر کفِ خاکے چساں است؟
کہ سیرش بے مکان و بے زمان است

بزنداں است و آزاد است ایں چیست؟
کمند و صید و صیاد است ایں چیست

چراغے در میانِ سینۂ تست
چہ نور است ایں کہ در آئینۂ تست؟

مشو غافل کہ تو او را امینی
چہ نادانی کہ سوئے خود نہ بینی

کہے تو مجھ کو میری کچھ خبر دے — معانی کیا ہیں اس خودبیں سفر کے
کہا میں نے ہے ربطِ جان و تن کیا — دروں بینی سے کہہ ہے میں یا من کیا؟
سفر خود کا ہے ؟ یا سیرِ ثریا — یہ بے ماں باپ کے ہے پیدا ہونا
ابد کو پل میں مضطر ہو کے پانا — یہ ہے سورج کا کرنوں بن چمکنا
مٹانا نقش ہر بیم و رجا کا — وہ دریا چاک کرنا مثلِ موسیٰ
طلسمِ بحر و بر کو توڑ دینا — قمر انگشت سے دو نیم کرنا
پلٹنا لامکاں سے یوں کہ گویا — خدا سینے میں ہو، مٹھی میں دنیا
مگر اس راز کا کہنا ہے مشکل — بتائے شیشے کو جیسے کوئی گل
یہ میں "کیا اور کیا ہے اسکی وسعت — یہ ہے "انا عرفنا" کی قیامت
فلک ہو لرزہ بہ اندام جائے — زماں اس میں، مکاں اس میں سمائے
دلِ آدم نشیمن اس کا ٹھہرا — یہ مشتِ خاک کو ملنا تھا بہرہ
جدا ہے غیر سے، وابستہ بھی ہے — "بخود گم" اور سے پیوستہ بھی ہے
خیال اس خاک کی مٹھی میں ایسے — مکاں بن اور زماں بن سیر جیسے
ہے زنداں میں بھی اور آزاد یہ کیا؟ — کمند و صید اور صیاد ! یہ کیا؟
ہے روشن اک دیا سینے میں تیرے — یہ کیسا نور ہے شیشے میں تیرے؟

نہ ہو غافل کہ تو اس کا امیں ہے!
زبس افسوس! تو خود بیں نہیں ہے!

## سوال (۶)

چہ جزو است آنکہ او از کل فزوں است؟
طریقِ جستنِ آں جزو چوں است؟

## جواب

خودی ز اندازہ ہائے ما فزوں است
خودی زاں کل کہ تو بینی فزوں است

ز گردوں بار بار افتد کہ خیزد
بہ بحرِ روزگار افتد کہ خیزد

جز او زیرِ گردوں خود نگر کیست؟
بہ بے بالی چناں پرواز گر کیست؟

بہ ظلمت ماندہ نورے در آغوش
بروں از جنت و حورے در آغوش

بآں نطقے دل آویزے کہ دارد
ز قعرِ زندگی گوہر برآرد

ضمیرِ زندگانی جاودانی است
بچشمِ ظاہرش بینی، زمانی است

بتقدیرش مقامِ ہست و بود است
نمودِ خویش و حفظِ ایں نمود است

چہ می پرسی چہ گوں است و چہ گوں نیست
کہ تقدیر از نہادِ او بروں نیست

چہ گویم از چگون و بے چگونش
بروں مجبور و مختار اندرونش

چنیں فرمودۂ سلطانِ بدر است
کہ ایماں درمیانِ جبر و قدر است

تو ہر مخلوق را مجبور گوئی
اسیرِ بندِ نزد و دور گوئی

ولے جاں از دمِ جاں آفریں است
بچندیں جلوہ ہا خلوت نشین است

ز جبرِ او حدیثے درمیاں نیست
کہ جاں بے فطرتِ آزاد جاں نیست

شبیخوں بر جہانِ کیف و کم زد
ز مجبوری بمختاری قدم زد

# سوال (٦)

ہے کیسا جزو جو ہے کُل سے زیادہ؟
ہے اس کی جستجو کا کیا طریقہ؟

## جواب

خودی ہے اپنے اندازوں سے بڑھ کر — خودی اس تیرے کل سے بھی ہے برتر
گرے گردوں سے کہ رفعت کو پائے — اِدھر ڈوبے، اُدھر ساحل پہ آئے
جز اس کے زیرِ گردوں خود نگر کون؟ — ہے بے پر، پھر بھی پرّاں اسقدر کون؟
یہ ظلمت میں بھی دل میں نور رکھے — نہیں جنت میں لیکن حورُ رکھے
وہ دل آویز نطق اس کا سراسر — جو قعرِ زندگی سے لائے گوہر
ضمیرِ زندگی ہے جاودانی — بظاہر دیکھنے میں ہے زمانی
خودی سے ہست و بودِ زندگی ہے — اسی سے سب نمودِ زندگی ہے
اُٹھا دوں پردہ میں اب آگہی سے — نہیں تقدیر کچھ باہر خودی سے
نہ پوچھو کیسی ہے یہ تیغِ دو دھار — بروں مجبور، اندر سے ہے مختار
یہ شاہِ بدر کا رکھ یاد فرماں — کہ جبر و قدر کے اندر ہے ایماں
تو ہر مخلوق کو مجبور جانے — اسیرِ بندِ نزد و دُور جانے
مگر جاں ہے دمِ جان آفریں سے — ہزاروں جلوے ہیں خلوت نشیں سے
یہ جبر اس کے نہیں شایانِ شاں ہے — نہ جاں بے فطرتِ آزاد جاں ہے
جہانِ کیف و کم کو زیر کر کے — یہ مجبوری سے مختاری کو پہنچے

چو از خود گردِ مجبوری فشاند　　　جهانِ خویش را چون ناقه راند
نگردد آسماں بے رخصتِ او　　　نه تابد اخترے بے شفقتِ او
کند بے پرده روزے مضمرش را　　　بچشمِ خویش بیند جوہرش را
قطارِ نوریاں در رہگذار است　　　پے دیدارِ او در انتظار است

شراب افرشته از تاکش بگیرد
عیارِ خویش از خاکش بگیرد

چه پرسی از طریقِ جستجویش　　　خرد آرد مقامِ ہائے و ہویش
شب و روزے که داری برابد زن　　　فغانِ صبحگاہے بر خرد زن
خرد را از حواس آید متاعے　　　فغان از عشق می گیرد شعاعے
خرد جز را فغاں کل را بگیرد　　　خرد میرد فغاں ہرگز نمیرد
خرد بہرِ ابد ظرفے ندارد　　　نفس چوں سوزنِ ساعت شمارد
تراشد روزہا شب ہا سحرہا　　　نگیرد شعله و چیند شررہا

فغانِ عاشقاں انجام کارے است
نہاں در یک دمِ او روزگارے است

خودی تا ممکناتش وانماید　　　گره از اندرونِ خود کشاید
ازاں نورے که وا بیند نداری　　　تو او را فانی و آنی شماری

اگر یہ گردِ مجبوری کو جھاڑے | جہاں کو اپنے مثلِ نافہ ہانکے
ہے اس کے دم سے گردش آسماں کی | چمک اس سے ستاروں کے جہاں کی
یہ اک دن رازِ اس کا فاش کر دے | یہ دیکھے آنکھ سے جوہر کو اس کے
قطارِ نوریاں ہے رہگذر میں | تمنا دید کی ہر اک نظر میں

وہ سب پیتے اسی کی تاک سے ہیں
عیار ان کے اسی کی خاک سے ہیں

تلاش اس کی کے کیا پوچھے طریقے؟ | مقام ہائے و ہو گر اس کا ڈھونڈے
تو روز و شب کو کر لا منتاہی | خرد نذرِ فغانِ صبحگاہی
خرد کو حس سے پہنچے ساز و سامان | محبت سے فغاں ہوتی ہے رخشاں
خرد میں جز، فغاں میں کل سمائے | وہ مر جائے، فغاں مرنے نہ پائے
نہیں ظرف خرد قابل ابد کے | گھڑی کی سوئی بن کر وقت ناپے
تراشے روز و شب کو اور سحر کو | نہ پائے شعلہ اور چن لے شرر کو

فغاں سے کام ہر تکمیل پائے
زمانہ اس کی اک ساعت میں آئے

خودی سب ممکنات اپنے دکھائے | گرہ وہ اپنے ہی انداز سے کھولے
کہاں وہ نور تجھ میں جس سے دیکھے | تو اس کو آنی و فانی ہی سمجھے

ازاں مرگے کہ می آید چہ باک است — خودی چوں پختہ شد از مرگ پاک است

زمرگِ دیگرے لرزد دلِ من — دلِ من جانِ من آب و گلِ من

زکارِ عشق و مستی برفتادن — شرارِ خود بجاشاکے ندادن

بدستِ خود کفن برخود بریدن — بچشمِ خویش مرگِ خویش دیدن

ترا ایں مرگ ہردم در کمیں است — بترس از وے کہ مرگِ ما ہمیں است

کند گورِ تو اندر پیکرِ تو
نکیر و منکرِ او در برِ تو

اسے کیا موت سے آخر خطر ہو　　خودی مرتی نہیں پختہ اگر ہو
ہے ہر دم موت سے ایسی لرزتا　　مرا دل، میری جاں اور جسم میرا
طریق عشق و مستی پر نہ چلنا　　شرر خاشاک کو اپنے نہ دینا
پہن لینا کفن ہاتھوں سے اپنا　　ہے اپنی موت کو خود دیکھ لینا
ہے تیری گھات میں ہر دم یہ بیٹھی　　تو ڈر اس سے یہی ہے موت تیری

بنائے گور تیری تیرے اندر
نکیرین اس کے استادہ لحد پہ

# سوال (۷)

مسافر چوں بود رہرو کدام است
کرا گویم کہ او مردِ تمام است

## جواب

اگر چشمے کشائی بر دلِ خویش — درونِ سینہ بینی منزلِ خویش
سفر اندر حضر کردن چنین است — سفر از خود بخود کردن ہمیں است
کسے اینجا نداند ما کجائیم — کہ در چشمِ مہ و اختر نیائیم
مجو پایاں کہ پایانے نداری — بپایاں تا رسی جانے نداری
نہ ما را پختہ پنداری کہ خامیم — بہر منزل تمام و ناتمامیم
بپایاں نارسیدن زندگانی است — سفر ما را حیاتِ جاودانی است
ز ماہی تا بمہ جولانگہِ ما — مکان و ہم زماں گردِ رہِ ما
بخود پیچیم و بے تاب نمودیم — کہ ما موجیم و از قعرِ وجودیم
دمادم خویش را اندر کمیں باش — گریزاں از گماں سوئے یقیں باش
تب و تابِ محبت را فنا نیست — یقین و دید را نیز انتہا نیست
کمالِ زندگی دیدارِ ذات است — طریقش رستن از بندِ جہات است
چناں با ذاتِ حق خلوت گزینی — ترا او بیند و او را تو بینی
منور شو ز نورِ من یرانی — مژہ برہم مزن تو خود نمانی
بخود محکم گذر اندر حضورش — مشو ناپید اندر بحرِ نورش

## سوال (۷)

مسافر کون ہے؟ کیسی ہے منزل؟
کسے کہیئے کہ ہے وہ مردِ کامل؟

## جواب

جو چشمِ بینا سے تُو خود کو دیکھے
تو دل میں اپنے خود منزل کو پالے

سفر اندر حضر ہیں اس کو کہتے
مسافر خود سے ہیں یونہی گذرتے

نہ جانے کون ہیں ہم کوئی بھی یاں
مہ و اختر کی آنکھوں سے ہیں پنہاں

کنارا اس کا کیا جو بیکراں ہو
کنارے پر تو پہنچے جب نہ جاں ہو

سمجھ مت پختہ ہم کو، ہم بہ منزل
کبھی کامل، کبھی ہیں غیر کامل

نہ منزل پر پہنچنا زندگانی
سفر اپنا حیاتِ جاودانی

ہیں جولاں گاہ میں مہتاب و ماہی
غبارِ رہ مکاں بھی اور زماں بھی

نمائش کے لئے ہر دل میں تڑپوں
تہِ دریا سے بن کے موج اٹھوں

تو خود کو اپنے ہی زیرِ نگیں رکھ
گریزاں ہو گماں سے اور یقین رکھ

تب و تابِ محبت کو فنا کب
یقین و دید کی ہے انتہا کب

ہے دیدِ ذات سے تکمیلِ ہستی
گزر کر خود سے یہ منزل ہے ملتی

ہو یوں خلوت گزیں تُو ذاتِ حق سے
تجھے وہ دیکھے اور تو اُس کو دیکھے

منور مَن یرانی سے تُو ہو جا
جھپک مت آنکھ ورنہ خود نہ ہوگا

تُو اُس کے سامنے کر خود کو محکم
نہ بحرِ نور میں ہو اُس کے مدغم

نصیبِ ذرّہ کُن آں اضطرابے — کہ تابد در حریم آفتابے
چنان در جلوہ گاہِ یار می سوز — عیاں خود را نہاں او را برافروز
کسے کو دید عالم را امام است
من و تو ناتمامیم او تمام است
اگر او را نیابی در طلب خیز — اگر یابی بدامانش درآویز
فقیہ و شیخ و ملّا را مدہ دست — مرو مانند ماہی غافل از شست
بکارِ ملک و دیں او مردِ راہے است — کہ ما کوریم و او صاحب نگاہے است
مثالِ آفتابِ صبحگاہے — دمد از ہر بُنِ مویش نگاہے
فرنگ آئین جمہوری نہاد است — رسن از گردنِ دیوے کشاد است
نوائے زخمہ و سازے ندارد — ابے طیارہ پروازے ندارد
ز باغش کشتِ ویرانے نکوتر — ز شہر او بیابانے نکوتر
چو رہزن کاروانے در تگ و تاز — شکمہا بہرِ نانے در تگ و تاز
روان خوابید و تن بیدار گردید — ہنر با دین و دانش خوار گردید
خرد جز کافری کافر گری نیست — فن افرنگ جز مردم دری نیست
گروہے را گروہے در کمین است — خدایش یار اگر کارش چنین است
ز من دِہ اہلِ مغرب را پیامے — کہ جمہور است تیغ بے نیامے

تو دے ذرّے کو ایسی بیقراری　　کہ حریمِ مہر میں کر دے تجلّی

یوں چل بہ جلوہ گاہِ یار و دلبر　　کہ در پردہ جلے وہ تیرے اندر

جو بینا ہے امامت کے ہے قابل

ہیں ہم تم ناکمل، وہ ہے کامل

اُسے پالے، نہیں پایا جو پہلے　　جو پایا ہے تو دامن کو پکڑ لے

فقیہ و شیخ و ملّا کو نہ دے دست　　نہ ماہی کی طرح ہو غافل از شست

وہ کارِ ملک و دیں میں راہبر ہے　　کہ ہم اندھے ہیں وہ صاحب نظر ہے

وہ مثلِ آفتابِ صبحگہ ہے　　بُنِ مو اس کا ہر مثلِ نگہ ہے

فرنگی کے ہیں جمہوری ادارے　　وہ رسّی دیو کی گردن سے کھولے

نوا اس کی نہیں بے زخمہ و ساز　　بجز طیارہ کر پائے نہ پرواز

خرابہ اس کے باغوں سے ہے بہتر　　بیاباں اس کے شہروں سے ہے بڑھ کر

تگ و تاز اُس کی ہے رہزن کی صورت　　اُسے کب پیٹ کے دھندے سے فرصت

ہے تن بیدار لیکن روح مردہ　　ہنر اور دین و دانش سب فسردہ

خرد جز کفر یا کافر گری کیا　　فنِ افرنگ جز مردم دری کیا

کمیں میں ہے گروہ پیچھے گروہ کے　　خدا حافظ اگر وہ ایسے نکلے

یہ کہہ دے اہلِ مغرب کو پیامی　　کہ ہے جمہور تیغِ بے نیامی

چہ شمشیرے کہ جانہا می ستاند  تمیزِ مسلم و کافر نداند
نہ ماند در غلاف خود زمانے
برد جان خود و جانِ جہانے

تمیز مسلم و کافر نہ رکھے گلے لوگوں کے یہ شمشیر کاٹے
نہ پل بھر کے لئے بھی ہو یہ غافل
یہ اپنی اور جہاں بھر کی ہے قاتل

# سوال (۸)

کدامی نکتہ را نطق است اناالحق
چہ گوئی ہرزہ بود آں رمز مطلق

## جواب

من از رمز اناالحق باز گویم
دگر با ہندایراں راز گویم
مغے در حلقۂ دیر ایں سخن گفت
حیات از خود فریبے خورد و من گفت
خدا خفت و وجود ما ز خوابش
وجود ما نمود باز خوابش!
مقام تحت و فوق و چار سو خواب
سکون و سیر و شوق و جستجو خواب
دل بیدار و عقل نکتہ بیں خواب
گمان و فکر و تصدیق و یقین خواب
ترا ایں چشم بیدارے بخواب است
ترا گفتار و کردارے بخواب است

چو او بیدار گردد دیگرے نیست
متاع شوق را سوداگرے نیست

فروغ دانش ما از قیاس است
قیاس ما ز تقدیر حواس است
چو حس دیگر شد ایں عالم دگر شد
سکون و سیر و کیف و کم دگر شد
تواں گفتن جہان رنگ و بو نیست
زمین و آسمان و کاخ و کو نیست
تواں گفتن کہ خوابے یا فسونے است
حجاب چہرۂ آں بے چگونے است
تواں گفتن ہمہ نیرنگ ہوش است
فریب پردہ ہائے چشم و گوش است

## سوال (۸)

یہ ہے کس راز کا نعرہ انا الحق

بھلا بیہودہ تھی یہ رمزِ مطلق ؟

## جواب

کروں رمزِ انا الحق کو بیاں میں — کہوں ہند و عجم سے داستاں میں

یہ مغ نے دیر میں اک دن بتایا — کہا میں "زندگی نے کھا کے دھوکا

خدا سویا ہے ہم ہیں اس کا اک خواب — سراسر یہ وجود ہے اپنا اک خواب

ہیں فوق و تحت اور یہ چار سُو خواب — سکون و سیر و شوق و جستجو خواب

دل بیدار، عقلِ نکتہ بیں خواب — گمان و فکر و تصدیق و یقین خواب

ہیں خوابیدہ تیری بیدار آنکھیں — عمل بھی خواب تیرا، خواب باتیں

نہ کوئی دوسرا ہو گر وہ جاگے

متاعِ شوق کوئی کیا خریدے

فروغِ دانش اپنا ہے قیاسی — قیاس اپنا سراسر ہے حواسی

جو حس جائے بدل عالم بھی بدلے — سکون و سیر و کیف و کم بھی بدلے

نہ وہ کوئی جہانِ رنگ و بو ہے — زمیں نہ آسماں نہ کاخ و کو ہے

طلسم و خواب کہنا اس کو زیبا — حجابِ چہرہ ہے بے مثل اس کا

وہ اک نیرنگِ عقل و ہوش تیرا — وہ چشم و گوش کے پردوں کا دھوکا

خودی از کائنات رنگ و بو نیست — حواس ما میان ما و او نیست
نگه را در حریمش نیست راہے — کنی خود را تماشا بے نگاہے

حساب روزش از دور فلک نیست
بخود بینی ظن و تخمین و شک نیست

اگر گوئی کہ من، وہم و گمان است — نمودش چوں نمود این و آن است
بگو با من کہ دارائے گماں کیست؟ — یکے در خود نگر آں بے نشاں کیست؟
جہاں پیدا و محتاج دلیلے — نمی آید بفکر جبرئیلے
خودی پنہاں ز حجت بے نیاز است — یکے اندیش و دریاب ایں چہ راز است
خودی را حق بداں باطل مپندار — خودی را کشت بے حاصل مپندار
خودی چوں پختہ گردد لازوال است — فراق عاشقاں عین وصال است
شرر را تیز بالے می تواں داد — تپیدن لایزالے می تواں داد
دوام حق جزاے کار او نیست — کہ او را ایں دوام از جستجو نیست
دوام آں بہ کہ جان مستعارے — شود از عشق و مستی پائیدارے
وجود کوہسار و دشت و در ہیچ — جہان فانی، خودی باقی، دگر ہیچ
دگر از شنکر و منصور کم گوئے — خدا را ہم براہ خویشتن جوئے

بخود گم بہر تحقیق خودی شو
انا الحق گوے و صدیق خودی شو

خودی کب کائناتِ رنگ و بو ہے      ہے جس کب درمیاں میں میر اسکے
نگہ اس کے حرم میں رہ نہ پائے      نہ خود کو دیکھے بن نظریں اٹھائے

نہیں دورِ فلک سے اس کے دن رات
وہ خود کو دیکھے بے شک لے کم و کاست

کہے تو گر کہ "مَیں" وہم و گماں ہے      نمود اس کی نمودِ بے نشاں ہے
بتا مجھ کو ہے ورائے گماں کون؟      نظر باطن پہ کر ہے بے نشاں کون!
دلیلوں سے جہاں ثابت ہے ہوتا      نہیں ہے فکر یہ روح الامیں کا
دلیلوں کی خودی محتاج ہے کب      اسے پا جاؤ گے سوچو گے تم جب
خودی کو حق سمجھ باطل نہ گردان      اُسے تو کشتِ بے حاصل نہ گردان
خودی جب پختہ ہو تو جاوداں ہے      یہ فرقت عینِ وصلِ عاشقاں ہے
شرر کو تیز بالی بخشتی ہے      تڑپ اس کو نرالی بخشتی ہے
دوامِ حق عمل کی کب جزا ہے؟      دوام اس کو نہ ڈھونڈے سے ملا ہے
وہ بہتر ہے دوامِ جانِ فانی      جو عشق و سوز سے ہو جاودانی
وجودِ کوہسار و دشت دور کیا      جہاں فانی! خودی باقی! دگر کیا
نہ کر شنکر کی اور منصور کی بات      خدا کو ڈھونڈنا ہی ہے رہِ راست

تو خود میں گم ہو تحقیقِ خودی کر
انا الحق کہہ کے تصدیقِ خودی کر

# سوال (۹)

کہ شد بر سرِ وحدت واقف آخر؟
شناسائے چہ آمد عارف آخر؟

## جواب

نہ گردوں را مقامِ دل پذیر است
ولیکن مہر و ماہش زود میر است

بدوشِ شام نعشِ آفتابے
کواکب را کفن از ماہتابے

پرد کہسار چوں ریگِ روانے
دگرگوں می شود دریا بآنے

گُلاں را در کمیں بادِ خزاں است
متاعِ کارواں از بیمِ جان است

ز شبنم لالہ را گوہر نماند
دمے ماند دمے دیگر نماند

نوا نشنیدہ در چنگے بمیرد
شرر ناجستہ در سنگے بمیرد

مپرس از من ز عالمگیریٔ مرگ
من و تو از نفس زنجیریٔ مرگ

## غزل

فنا را بادۂ ہر جام کردند
چہ بیدردانہ او را عام کردند

تماشاگاہِ مرگِ ناگہاں را
جہانِ ماہ انجم نام کردند

اگر یک ذرہ اش خوئے رم آموخت
بافسونِ نگاہے رام کردند

## سوال (۹)

ہُوا وحدت سے آخر کون واقف؟
شناسا کس کا آخر نکلا عارف؟

## جواب

مقام اک دلکشا ہے زیرِ گردوں
مگر ہیں مہر و ماہ اس کے دگرگوں
ہے نعشِ مہر دوشِ شامِ پرّاں
کواکب کا کفن ہے ماہ رخشاں
اڑیں کہسار مثلِ ریگ پرّاں
دگرگوں بحر ہوں پل بھر میں ہی واں
گلوں کی گھات میں بادِ خزاں ہے
متاعِ کارواں خود بیمِ جاں ہے
نہ لالے کو ملیں شبنم کے گوہر
ملیں بھی گر تو رہتے ہیں وہ پل بھر
نوائے چنگ سُن پائے نہ باہر
شرر مر جائے پتھر ہی کے اندر

نہ پوچھو مرگ کی آفاق گیری
کہ ہے تارِ نفس زنجیر اپنی

## غزل

فنا کو بادۂ ہر جام کر دیں
وہ بیدردی سے اس کو عام کر دیں
تماشا گاہِ مرگِ ناگہاں کا
جہانِ ماہ و انجم نام کر دیں
اگر ذرے میں دیکھیں خوئے رم وہ
تو افسونِ نگہ سے رام کر دیں

قرار از ماچہ می جوئی کہ مارا اسیرِ گردشِ ایام کردند
خودی در سینۂ چاکے نگہدار
ازیں کوکب چراغِ شام کردند

جہاں یکسر مقامِ آفلین است دریں غربت سرا عرفاں ہمیں است
دلِ ما در تلاش باطلے نیست نصیبِ ما غمِ بے حاصلے نیست
نگہ دارند اینجا آرزو را سرورِ ذوق و شوقِ جستجو را
خودی را لازوالے می تواں کرد فراقے را وصالے می تواں کرد
چراغے از دمِ گرمے تواں سوخت
بسوزن چاکِ گردوں میتواں دوخت

خدائے زندہ بے ذوقِ سخن نیست تجلّی ہائے او بے انجمن نیست
کہ برقِ جلوۂ او بر جگر زد؟ کہ خورد آں بادہ و ساغر بسر زد؟
عیارِ حسن و خوبی از دلِ کیست؟ مہ او در طوافِ منزلِ کیست؟
اَلستے از خلوتِ نازے کہ برخاست؟ بلیٰ، از پردۂ سازے کہ برخاست؟
چہ آتش عشق در خاکے برافروخت ہزاراں پردہ یک آوازِ ما سوخت
اگر مائیم گرداں جامِ ساقی است بہ بزمش گرمئ ہنگامہ باقی است
مرا دل سوخت بر تنہائی او کنم سامانِ بزم آرائی او

مثالِ دانہ می کارم خودی را
برائے او نگہدارم خودی را

ہمیں آرام کب جب خود وہ ہم کو　　اسیرِ گردشِ ایام کر دیں
خودی پر سینہ چاکی ہیں نگہ رکھ
اسی کو کب کو شمعِ شام کر دیں
جہاں یکسر مقام اک عارضی ہے　　فقط یہ جان لینا آگہی ہے
ہے باطل کا مرادل جو یا کب؟　　غم بے حاصل اس کا مدعا کب؟
نگہ ہیں رکھتے ہیں یاں آرزو کو　　سرورِ ذوق و شوقِ جستجو کو
خودی کو جاودانی کر سکیں یاں　　یہاں فرقت کو کر دیں وصل ساماں
چراغوں کو جلائے دم کی گرمی
سیئں افلاک کے ہر چاک کو بھی
خدائے زندہ بے ذوقِ سخن کب؟　　تجلی اس کی ہے بے انجمن کب؟
جگر پر کس کے برقِ جلوہ ٹوٹی؟　　خبر لی کس نے مے پی کر نہ سر کی؟
عیارِ حسن و خوبی کس کے دل سے؟　　قمر اس کا یہ گھومے گرد کس کے؟
اَلَسْتُ کس کی خلوت نے پکارا؟　　بلیٰ، کس ساز کے پردے سے نکلا؟
یہ آتش خاک ہیں ہے عشق کا راز　　جلائے لاکھ پردے اپنی آواز
ہمیں سے جام ساقی گردشوں ہیں　　ہمیں سے رنگ اس کی محفلوں ہیں
مرادل اس کی تنہائی پہ سوزاں　　کروں ہیں بزم آرائی کا ساماں

خودی کو ہیں مثالِ دانہ بوؤں
اُسی کے واسطے اس کو سنبھالوں

# خاتمہ

تو شمشیری ز کامِ خود برون آ — برون آ از نیامِ خود برون آ
نقاب از ممکناتِ خویش برگیر — مہ و خورشید و انجم را بہ در گیر
شبِ خود روشن از نورِ یقین کن — یدِ بیضا برون از آستین کن
کسے کو دیدہ را بر دل کشود است — شرارے کشت و پروینے درود است
شرارے جستہ گیر از درونم — کہ من مانند رومی گرم خونم

وگرنہ آتش از تہذیبِ نو گیر
برونِ خود بیفروز اندرون میر

# خاتمہ

تو ہے شمشیر جو مقصد ہے تیرا
میانِ خود سے باہر آکے پا جا

نقابِ ممکناتِ زندگی چیر
مہ و خورشید و انجم کرلے تسخیر

ہو روشن شب تری نورِ یقیں سے
یدِ بیضا دکھا دے آستیں سے

اگر دل کی نظر سے کوئی دیکھے
شرر ہو کر مہ و پروین کاٹے

شرر سے میرے کر روشن تو ہستی
کہ میں ہوں گرم خوں مانند رومی

وگر نہ آگ لے تہذیبِ نو سے
فقط چہرہ ہو روشن جس کی ضو سے